Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 9 Short Questions Test

Q1. تصادم سے معاشرتی مسائل کیسے پیدا ہوتے ہیں؟

Ans 1: تصادم قدر سے معاشرتی بدنظمی پیدا ہوتی ہے اور معاشرتی مسائل جنم لیتے ہیں لیکن تیزی سے بدلتے ہوئے معاشروں‌میں اقدار کا تصادم ضرور ہوتا ہے جو معاشرتی ترقی کی نشانی ہے اس لیے معاشرتی مسائل کا ابھرنا کوئی بری بات نہیں،البتی ان کا حل کرنا ایک اہم اقدام ہے.

Q2. تعلیمی ادارے کے دو وظائف بیان کریں.

Ans 1: 1.تعلیم ایک نسل سےدوسری نسل تک ثقافت کی ترسیل کرتی ہے. 2.تعلیم فرد کو معاشرے میں رہنے کے قابل بناتی ہے.

Q3. تصادم قدر کی دو وجوہات تحریرکریں.

Ans 1: 1.معاشرتی تغیر 2.غیر لچکدار ثقافت

Q4. مذہب کس طرح انحراف سے روکتا ہے؟

Ans 1: مذہبی انحراف اور عقائد پر عمل نہ ہونے کی وجہ سے اخلاقی اقدار میں گراوٹ پیدا ہوتی ہے جس سے معاشرتی ضبط کمزور پڑجاتا ہے،اس لیے تمام مذہبی اداروں کو مضبوط بنیادوں کو قائم کرکے قرآن کریم کی تعلیم ہر فرد کے لیے لازمی قرار دی جائے.نماز،روزہ،زکوۃ کو دستور کے ذریعے عمل میں لانا چاہیے.

Q5. تصادم قدر سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ہر معاشرے میں اقدار کا تصادم پایا جاتا ہے.ہر معاشرہ تغیر پذیر ہے جس کی وجہ سے ثقافتی اقدار میں تبدیلی آتی رہتی ہے،پرانی اقدار کی جگہ نئی اقدار لیتی ہیں.فرد کو بعض اوقات ایک ہی حالات میں کافی اقدار کا سامنا ہوتا ہے ،وہ ان میں سے کسی ایک کو اپناتا ہے.لیکن اس کے لیے ان میں سے کسی کو منتخب کرنا آسان نہیں ہوتا.

Q6. بلوچی ثقافت میں عورت کی کیا اہمیت ہے؟

Ans 1: 1.عورت عزت و ناموس کا معیار ہے. 2.عورت انتہائی سادگی کو پسند کرتی ہے. 3.عورت پردے کی پابندی کرتی ہے.

Q7. معاشرتی اقدار کی دو خصوصیات لکھیں.

Ans 1: 1.معاشرتی اقدار اور معاشرہ میں نظم و استحکام پیدا کرتی ہے. 2.معاشرتی اقدار افراد کو کنٹرول کرتی ہے جس سے معاشرہ میں سماجی ضبط قائم ہوتا ہے.

Q8. رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسی تعلیم جو سکول،کالج اور یونیورسٹیوں میں دی جاتی ہے اور جس میں اساتذہ اور طلبہ کا کردار متعین ہو اور جس کا باقاعدہ کوئی سلیبس ہو رسمی تعلیم کہلاتی ہے.

Q9. پاکستانی معاشرت کی کوئی سی دو اقدار لکھیں.

Ans 1: 1.وطن سے محبت اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کرنا بھی ایک اہم قدر ہے. 2.شادی بیاہ کی رسومات بھی ایک اہم قدر ہے.

Q10. معاشرتی اقدار سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اقدار انفرادی یا ثقافتی معیار ہیں جن کے ذریعے ہم اشیاء کا موازنہ کرتے ہیں انہیں پسندیدہ اور ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں،انہیں غلط یا درست تسلیم کرتے ہیں.